شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

09جون2023ء

پریس ریلیز

سودی قرضہ، کرپشن اورآئی ایم ایف کی غلامی نے ملکی معیشت کو تباہ و برباد کر دیا ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): سودی قرضہ، کرپشن اورآئی ایم ایف کی غلامی نے ملکی معیشت کو تباہ و برباد کر دیا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ وزیر خزانہ کی جانب سے پیش کردہ قومی اقتصادی سروے برائے مالی سال 2022-23ء نے ثابت کر دیا ہے کہ حکومت معاشی اہداف حاصل کرنے میں بُری طرح ناکام رہی ہے۔ اُنہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آبادی کے لحاظ سے دنیا کے پانچوں بڑے ملک کی معیشت کا یہ حال ہے کہ گذشتہ مالی سال کے دوران شرح نمو 0.29 فیصد رہی جبکہ اوسط مہنگائی 29 فیصد تک جا پہنچی۔ حقیقت یہ ہے کہ کمر توڑ مہنگائی نے عوام کا جینا حرام کر دیا ہے اور ضروریاتِ زندگی کی تمام اشیاء عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوتی جا رہی ہیں۔ پھر یہ کہ حکومت کی ناقص معاشی پالیسیوں کی وجہ سے صنعت و حرفت، تجارت، بیرون ملک سے آنے والی ترسیلات، غیر ملکی سرمایہ کاری اور سروسز سیکٹر بُری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ اگرچہ بین الاقوامی سطح پر کساد بازاری اور گذشتہ برس کے ہولناک سیلاب کی تباہ کاری سے بھی ملکی معیشت کو سخت دھچکا لگا لیکن ملکی معیشت کے یوں اندھی کھائی میں گر جانے کی اصل وجہ سودی قرضہ کی لعنت، کرپشن کا ناسور اور آئی ایم ایف کی مسلسل غلامی ہے۔ اُنہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت 'ریاست کو بچانے' اور 'سخت معاشی فیصلے لینے' کے کھوکھلے نعروں کی بجائے ملک کی معاشی ترقی اور عوام کے فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کرے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلہ پر فوری اور مکمل عمل درآمد کرتے ہوئے ملک سے سود کی لعنت کو ختم کیا جائے۔ کرپشن کے خاتمے اور کرپشن سے حاصل کی گئی دولت کو بیرون ملک سے پاکستان واپس لانے کا بندوبست کیا جائے۔ آئی ایم ایف اور دیگر عالمی استعماری اداروں کی جکڑ بندیوں سے نجات حاصل کر کے خود انحصاری کو بنیاد بنایا جائے۔ پاکستان کے معاشی مسائل کا حل صرف ایک ہے اور وہ یہ کہ ملکی معیشت کو اسلام کے اصولوں کے مطابق استوار کیا جائے۔ اسلام کے معاشی نظام کو اپنانے سے ہی ملک میں استحکام اور خوشحالی آ سکتی ہے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 09 June 2023

"Riba-based loans, corruption and slavery of the IMF have ruined our economy."

Lahore (PR): "Riba-based loans, corruption and slavery of the IMF have ruined our economy."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer noted that the Economic Survey of Pakistan for the fiscal year 2022-23, presented by the finance minister, has established that the government has failed miserably to achieve the economic targets. The Ameer lamented that during the fiscal year 2022-23, the economy of our country, which has the 5th largest population in the world, has tanked to such an extent that the GDP growth has shrunk to 0.29 percent while the average inflation has mushroomed to 29 percent. The fact is that the excruciating hike in prices has made life miserable for the masses and the basic amenities of life are getting out of the reach of the common man. Moreover, the flawed economic policies of the government have severely damaged the industry, trade and services sectors, and handed a heavy blow to remittances and foreign investment. Although the global economic slowdown and the devastation caused by the dreadful floods last year have had a damaging effect on the economy, yet the fact of the matter is that the real reasons for our economic woes are the curse of riba-based loans, the cancer of corruption and the persistent slavery of IMF. Instead of chanting hollow slogans of 'saving the state' and 'taking difficult economic decisions', the government must take practical steps for improving the economy of the country and providing relief to the masses, the Ameer demanded. It is imperative to start implementing the decision of the Federal Shariat Court by swiftly and completely eradicating the plague of riba. Practical measures must be taken to eradicate corruption and the looted money stockpiled in foreign countries must be brough back to Pakistan. A mode of self-reliance must be adopted by getting rid of the clutches of IMF and other imperial institutions. The Ameer remarked that there is only one solution to the economic problems of Pakistan, which is to mould the economy of the country on the basis of the Islamic principles. Economic stability and prosperity in Pakistan can be achieved only by enforcing the Islamic economic system.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan